الجواب نمبر ۲: امام ابوسعید الحسن بن ابی الحسن یشار البصری رحمہ اللہ ۲۱ یا ۲۲ ہجری کو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں پیدا ہوئے اور ۱۱۰ھ میں وفات پائی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ سے آپ کے منہ میں لعاب ڈالا اور نام بھی انہوں نے ہی رکھا۔ آپ کے عادل و ثقہ، فقیہ و فاضل ہونے پر سب کا اتفاق ہے۔ آپ نے خود صحابہ کرامؓ کو بیس رکعات تراویح پڑھتے دیکھا اور حدیث بیان فرمائی جو اس بات کی دلیل ہے کہ حضرت عمرؓ نے ۲۰ رکعات کا ہی حکم دیا تھا۔ اب اگر خیر القرون کے زمانے کے جلیل القدر تابعی حضرت حسن بصریؒ پر اعتماد نہ کیا جائے تو کیا اس زمانے کے زبیر علی زئی پر کیا جائے جن کے ثقہ ہونے پر ان کے اپنے فرقے کے لوگوں کا اتفاق نہیں ہے؟

حسان بن ابی سنان البصریؒ سے روایت ہے کہ میں نے حسن (بصریؒ) کو فرماتے ہوئے سنا: ”أدركت سبعين بدريا، و صليت خلفهم وأخذت بحجزهم“۔ ”میں نے ستر (۷۰) بدری صحابہ کو پایا، ان کے پیچھے نمازیں پڑھیں اور ان کا دامن تھاما“۔ (حلیۃ الاولیاء: ج ۲، ص ۱۹۶، وسندہ حسن)

حلية الأولياء
وطبقات الأصفياء

للحافظ أبي نعيم أحمد بن عبد الله الأصفهاني
المتوفى سنة ٤٣٠ هـ

الجزء السادس

مكتبة الخانجي
القاهرة

دار الفكر
للطباعة والنشر والتوزيع

— ١٩٦ —

• حدثنا أبو بكر بن مالك ثنا عبد الله بن احمد بن حنبل ثنا على بن مسلم ثنا سيار ثنا رياح . قال سمعت حسان بن أبي سنان يقول : والله ما سمعت الحسن ذا كرا الدنيا فى مجلسه قط ، إلا أنه ربما قال تعلمون أن أحدا يخرج ؟ فيكتب معه إلى أخيه سعيد كتابا .

• حدثنا أبو بكر بن مالك ثنا عبد الله بن احمد ح . وحدثنا محمد بن جعفر ثنا إسحاق بن إبراهيم قالا : ثنا على بن مسلم ثنا سيار ثنا رياح قال ثنا حسان قال سمعت الحسن يقول : أدركت سبعين بدريا ، وصليت خلفهم وأخذت بحجزهم .

• حدثنا أبى ثنا إبراهيم بن محمد بن الحسن ثنا محمد بن يزيد المستملى ثنا داود بن محمد . قال : رأى رجل رياحا بالمصيصة يأ كل خبزا وملحا ، فقال تأ كل خبزا وملحا فى هذا الريف بالمصيصة ؟ قال نعم! حتى ندرك الشواء والعرس فى الدار الاخرى . قال : وخرج رياح فى نفر الى الحباب (١) راجلا فلما بلغ العقبة عند المقابر إذا رجل على فرس ومعه فرس يقوده وهو ينادى يا نور يا نور ، فقال له رياح ؟ هل لك فى نور مكان نور ، قال فأعطاه الفرس فنفر عليه ، فلقى العدو فقتل فلم ير الرجل الدافع الفرس ولا يدرى من أين هو .

أسند رياح عن حسان بن أبى سنان وغيره .

وأسند أخوه عون بن عمرو القيسى .

ومن غرائب حديث عون أخيه ما حدثناه أبو على محمد بن احمد بن الحسن ثنا إبراهيم بن هاشم البغوى ثنا إسماعيل بن سيف ثنا عون بن عمرو أخو رياح القيسى ثنا الجريرى عن ابن بريدة عن أبيه . قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : « اقرؤا القرآن بحزن فانه نزل بالحزن » .

• حدثنا سليمان بن احمد ثنا عباس بن الفضل الاسقاطى ثنا احمد بن يونس ثنا رياح بن عمرو ثنا أيوب السختيانى عن محمد بن سيرين عن أبى هريرة . قال « بينا نحن مع رسول الله صلى الله عليه وسلم إذ طلع شاب من الثنية ، فلما رأيناه رميناه بأبصارنا فقلنا لو أن هذا الشاب جعل شبابه ونشاطه وقوته فى سبيل

(١) كذا فى الاصل . بالحاء المهملة ولعله الجباب بالجيم أو الجبان

تعجب کی بات ہے کہ ابوداؤد کے نسخہ میں تحریف کا علم امام اَبو الحسن الماوردیؒ، امام ذھبیؒ اورامام ابن کثیرؒ جیسے جلیل القدر محدثین و محققین کو نہ ہوا لیکن موجودہ دور کے غیر مقلدین کو ہو گیا۔ یہاں یہ بات بھی واضح ہوگئی کہ فرقہ غیر مقلدین نے دین کے علم کو کھیل تماشہ بنار کھاہے کہ اپنے گمراہ فرقے کو حق پر ثابت کرنے کے لیے جب دل چاہا جھوٹ بول دیااور علماءِ احناف پر تہمت لگادی۔

مندرجہ بالاحوالہ جات لاعلم ومعتصب لوگوں کو چپ کرانے کے لیے کافی ہیں کیونکہ ان روایت پر امت مسلمہ کا ۱۴۰۰ سالہ اتفاق ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں پڑھی جانے والی بیس رکعات تراویح کی سات روایات اوپر گزر چکی ہیں جن میں "عشرين ركعة" کے الفاظ نقل ہیں، جو کہ زبر دست تائید ہے کہ "عشرين ركعة" والا نسخہ ابي داوٗد بھی صحیح وثابت ہے۔ لہٰذا یہ بات دلائل سے ثابت ہوگئی کہ حضرت حسن بصریؒ والی "عشرين ركعة" والی روایت بالکل درست ہے۔

اہلسنت والجماعت (احناف) کا بیس رکعات تراویح پر دلیل نمبر ۹

"رَوَى الْاِمَامُ الْحَافِظُ الْمُحَدِّثُ زَيْدُ بْنُ عَلِيِّ الْهَاشْمِيُّ فِيْ مُسْنَدِهٖ كَمَا حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهٗ اَمَرَ الَّذِىْ يُصَلِّىْ بِالنَّاسِ صَلَاةَ الْقِيَامِ فِيْ شَهْرِ رَمْضَانَ اَنْ يُّصَلِّيَ بِهِمْ عِشْرِيْنَ رَكْعَةً يُّسَلِّمُ فِيْ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ وَيُرَاوِحَ مَابَيْنَ كُلِّ اَرْبَعِ رَكْعَاتٍ"۔ "حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ نے اس شخص کو حکم دیا جو لوگوں کو رمضان شریف کے مہینہ میں نماز

(تراویح) پڑھاتے تھے کہ وہ ان کو بیس رکعات نماز (تراویح) پڑھائیں! ہر دو رکعتوں کے درمیان سلام پھیرے اور ہر چار رکعتوں کے درمیان آرام کے لیے کچھ دیر وقفہ کرے"۔ (مسند آلامام زید: باب القیام فی شھر رمضان، ص۱۳۹)

باب القيام في شهر رمضان

(حدثني) زيد بن علي عن أبيه عن جده : عن علي رضي الله عنهم : أنه أمر الذي يصلي بالناس صلاة القيام في شهر رمضان أن يصلي بهم [(١)] عشرين ركعة ، يسلم في كل ركعتين ويراوح ما بين كل أربع ركعات فيرجع ذو الحاجة ، ويتوضأ الرجل ، وأن يوتر [(٢)] بهم من آخر الليل حين الإنصراف .

---

(١) مما يستدل به على استحباب صلاة التراويح وهو قول الاكثر ، وقال مالك وابو يوسف وبعض الشافعية : الافضل فرادى في البيت للحديث الذي في الصحيحين وغيرهما افضل صلاة المرء في بيته الا المكتوبة، وكما في حديث زيد بن ثابت في صلاة التراويح لما رأى رسول الله (ص) اجتماع الناس في الليلة الرابعة قال : انه لم يخف على مكانكم ولكني خشيت ان يكتب عليكم ما قمتم به فصلوا ايها الناس في بيوتكم ثم توفي رسول الله (ص) والناس على ذلك اي يصلون في بيوتهم ، وكذا في خلافة ابي بكر ، وصدرا من خلافة عمر ، ثم لما جمعهم عمر وراهم قال : نعمت البدعة ، وعند العترة ان التجميع بها بدعة وهو المعتمد عند مقلديهم الآن ، واختلفوا في عددها قيل اصح ما ورد من السنة في عددها ما اخرجه مالك في الموطا عن محمد بن يوسف عن السائب بن يزيد انها احدى عشرة ، ولما اخرج البخاري وغيره عن عائشة انها قالت : ما كان النبي (ص) يزيد في رمضان ولا غيره على احدى عشرة ركعة انتهى .

(★) قال الامام المهدي محمد بن المطهر رضي الله عنه : وروينا أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم صلاها ليالي وصلوها معه ، ثم تاخر (ص)، وصلاها في بيته ، وروينا انه قال صلى الله عليه وآله وسلم : « خشيت ان تفرض عليكم فتعجزوا عنها » ا هـ من ج .

(٢) في هذا دليل على شرعية صلاة الوتر جماعة .

١٣٩



اس روایت کے تمام راوی اہل بیت میں سے ہیں اور تمام کے تمام ثقہ ہیں۔

اعتراض نمبر ۱: مندرجہ بالا روایت کے بارے میں غیر مقلد عالم زبیر علی زئی صاحب لکھتے ہیں: "امام زیدی بن علی رحمہ اللہ کی طرف منسوب "مسند زید" اہل سنت کی کتاب نہیں، بلکہ شیعوں کی کتاب ہے اور آل دیوبند اس کتاب سے حجت پکڑنا اس بات کی دلیل ہے کہ دیوبندیہ اور زیدی شیعہ میں گہرا یارانہ ہے"۔

اعتراض نمبر ۲: "دوسرے یہ کہ "مسند زید" کا بنیادی راوی ابو خالد عمرو بن خالد الواسطی کذاب (بہت جھوٹا) راوی ہے۔ اس کے بارے میں امام یحیٰی بن معین، امام اسحاق بن راہویہ، امام ابوزرعہ الرازی، امام وکیع بن الجراح نے فرمایا "کذاب" (بہت جھوٹا) تھا"۔

حافظ زبیر علی زئی صاحب کے اصول وضوابط کے کیا کہنے، موصوف جس بات پر حنفیوں کو پابند کر رہے ہیں کاش کہ خود بھی ان اصولوں کے پابند ہوتے۔


الجواب نمبر ا: حافظ صاحب نے آل دیوبند کو شیعوں کی کتاب سے دلیل پکڑنے پر تو فوراً تعنہ دیدیا جبکہ خود ۸ رکعات تراویح پر دیوبندی اکابرین (علامہ انور شاہ کشمیریؒ، شیخ محدث دہلویؒ، علامہ عینیؒ، اور ملا علی قاریؒ) کے اقوال سے دلیل پکڑتے ہیں تو کیا آل دیوبند اور آل حدیث میں گہرا یارانہ ہو گیا؟ صحیح بخاری کے کئی راوی شیعہ تھے تو کیا امام بخاریؒ کا بھی شیعوں سے یارانہ تھا؟

الجواب نمبر ۲: اس حدیث کے تمام راوی اہل بیت میں سے ہیں اور ثقہ ہیں۔ دوسرے یہ کہ ابو خالد عمرو بن خالد الواسطی اس کتاب "مسند زید" کا راوی ہے اس حدیث کا نہیں لہٰذا اس راوی کو اس حدیث پر پیش کرنا ایک علمی خیانت ہے۔

ہمارے مخالفین یعنی شیعوں کی اپنی کتاب سے ۲۰ رکعات تراویح کا ثبوت ملنا اس بات کی سب سے بڑی دلیل ہے کہ بیس رکعات ہی سنت اور صحابہ کرامؓ سے ثابت ہے۔ اور مخالفین کے گھر سے دلیل پیش کرنا تو میرے پیارے نبی ﷺ کی سنت ہے، لہٰذا ہم نے اپنے پیارے نبی ﷺ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے اپنے موٴقف کے حق میں دلیل پیش کی ہے۔

اہلسنت والجماعت (احناف) کا بیس رکعات تراویح پر دلیل نمبر ۱۰

”حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي الْحَسْنَاءِ، «أَنَّ عَلِيًّا أَمَرَ رَجُلًا يُصَلِّي بِهِمْ فِي رَمَضَانَ عِشْرِينَ رَكْعَةً»“۔ ”حضرت ابو الحسناء بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو رمضان میں پانچ ترویحوں میں بیس رکعت تراویح پڑھانے کا حکم دیا“۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ: ج ۲، باب كَمْ يُصَلِّي فِي رَمَضَانَ مِنْ رَكْعَةٍ، ص ۳۵۴، حدیث نمبر ۷۷۶۴؛ السنن الکبریٰ للبیہقی: ج ۲، ص ۴۹۷، حدیث نمبر ۴۳۹۷)


٣٥٤ ـــــــ كتاب جامع الصلاة

الْقُرْآنَ خَتْمَةً، وَإِنْ كَانَ [قِرَاءَة] بَيْنَ ذَلِكَ فَخَتْمَةٌ وَنِصْفٌ، فَإِنْ كَانَ سَرِيعَ الْقِرَاءَةِ فَمَرَّتَيْنِ.

٢٢٤- كَمْ يُصَلِّي فِي رَمَضَانَ مِنْ رَكْعَةٍ؟

٧٧٦٣- حَدَّثَنَا أبو بكر قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ شُتَيْرِ بْنِ شَكَلٍ، أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي فِي رَمَضَانَ عِشْرِينَ رَكْعَةً وَالْوِتْرَ.


٧٧٦٤- حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِي الْحَسْنَاءِ، أَنَّ عَلِيًّا أَمَرَ رَجُلًا يُصَلِّي بِهِمْ فِي رَمَضَانَ عِشْرِينَ رَكْعَةً(١).

٧٧٦٥- حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ أَمَرَ رَجُلًا يُصَلِّي بِهِمْ عِشْرِينَ رَكْعَةً(٢).

٧٧٦٦- حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ نَافِعِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ ابن أَبِي مُلَيْكَةَ يُصَلِّي بِنَا فِي رَمَضَانَ عِشْرِينَ رَكْعَةً وَيَقْرَأُ بِحَمْدِ الْمَلَائِكَةِ فِي رَكْعَةٍ.

٧٧٦٧- حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرحمن، عَنْ حَسَنٍ، [عَنْ](٣) عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ قَالَ: كَانَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ فِي رَمَضَانَ بِالْمَدِينَةِ عِشْرِينَ رَكْعَةً وَيُوتِرُ بِثَلَاثٍ(٤).

٧٧٦٨- حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، أَنَّهُ كَانَ يَؤُمُّ النَّاسَ فِي رَمَضَانَ بِاللَّيْلِ بِعِشْرِينَ رَكْعَةً وَيُوتِرُ بِثَلَاثٍ وَيَقْنُتُ قَبْلَ الرُّكُوعِ.



مندرجہ بالا روایت پر زبیر علی زئی صاحب اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ”اس روایت کی سند دو وجہ سے ضعیف ہے:

۱۔ابو الحسناء مجہول ہے۔(دیکھئے تقریب التہذیب:۸۳۳۷)
۲۔سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے ابو الحسناء کی ملاقات کا کوئی ثبوت نہیں"۔
زبیر علی زئی صاحب نے تعصب اور فرقہ واریت کی بنیاد پر دینی معاملات میں اپنی علمی خیانتوں کا جو مظاہرہ کیا ہے اس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔
الجواب نمبرا: اوّل یہ کہ دلائل کے ساتھ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ احناف، مالکیہ اور حنابلہ کے نزدیک خیر القرون کی تدلیس اور ارسال جرح ہی نہیں اور شوافع کے ہاں متابعت سے یہ جرح ختم ہو جاتی ہے، کیونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بیس رکعت تراویح روایت کرنے میں ابو الحسناء اکیلے نہیں بلکہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور امام ابو عبد الرحمٰن سلمیؒ بھی یہی روایت کرتے ہیں، لہٰذا ابو الحسناء پر تدلیس یا ارسال کا اعتراض کرنا ہی اوّل درجے کی جہالت وحماقت ہے۔
ثانیاً یہ کہ ابو الحسناء سے دو راوی یہ روایت نقل کر رہے ہیں:
۱۔عمرو بن قیس۔(مصنف ابن ابی شیبہ: ج۲، کَمْ يُصَلِّي فِي رَمَضَانَ مِنْ رَكْعَةٍ، ص۲۸۵)
۲۔ابو سعید البقال۔(السنن الکبریٰ للبیہقی: ج۲، ص۴۹۷)
اور یہ دونوں بالترتیب ثقہ اور صدوق ہیں۔(تقریب التہذیب: ص۴۵۶، ص۲۹۹)
اور حافظ ابن حجرؒ اصول حدیث کا ایک قائدہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:"من روی عنہ اکثر من واحد ولم یوثق الیہ الاشارۃ بلفظ مستو ر او مجھول الحال"۔"جس راوی سے ایک سے زائد راوی روایت کریں اور اس کی توثیق کی گئی ہو تو اس کی طرف لفظ مستور یا مجہول الحال سے اشارہ کیا جاتا ہے"۔(تقریب التہذیب: ص۱۱۱)
یہاں ابو الحسناء سے بھی دو راوی یہ روایت نقل کر رہے ہیں۔ لہٰذا اصولی طور پر یہ مجہول نہیں بلکہ مستور راوی بنتا ہے۔ غیر مقلدین کا اسے مجہول کہنا محل تعجب ہے۔
الحاصل ابو الحسناء مستور راوی ٹھہرتا ہے اور محدثین کے ہاں قاعدہ ہے کہ مستور کی متابعت کوئی دوسرا راوی کرے جو مرتبہ میں اس سے بہتر یا برابر ہو تو اس کی روایت حسن ہو جاتی ہے۔ چنانچہ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں:"ومتی تُوبعَ السيءُ الحفظ بمُعْتَبَرٍ: كأَنْ يكونَ فَوْقَهُ، أو مِثْلَهُ، لا دونه، وكذا المختلِط الذي لم يتميز، والمستور، والإسناد المرسل، وكذا المدلَّس إذا لم يُعْرف المحذوف منه صار حديثُهم حسناً، لا لذاته، بل وصْفُهُ بذلك باعتبارِ المجموع"۔"جب سئ الحفظ راوی کی متابعت کسی معتبر راوی سے ہو جائے جو مرتبہ میں اس سے بہتر یا برابر ہو کم نہ ہو، اسی طرح مختلط راوی جس کی روایت میں تمیز نہ ہو سکے اور اسی طرح مستور، مرسل اور مدلس کوئی تائید کر دے تو ان سب کی روایات حسن ہو جائیں گی اپنی ذات کی وجہ سے نہیں بلکہ مجموعی حیثیت کے اعتبار سے"۔(نزہۃ النظر فی توضیح نخبۃ الفکر: ص۲۳۴)


ابو الحسناء کی متابعت ابو عبد الرحمٰن نے کی ہے۔(السنن الکبریٰ للبیھقی: ج۲، ص۴۹۶)


اور یہ ابو الحسناء سے بڑھ کر ثقہ راوی ہے۔ اس لئے ابو الحسناء کی یہ روایت جمہور کے نزدیک بھی مقبول ہے۔ لٰہذا یہ روایت صحیح و قابل احتجاج ہے اور زبیر علی زئی صاحب کا اعتراض باطل و مردود ہے۔

الجواب نمبر ۲: جس طرح World Trade Centre پر حملے کی خبر پوری دنیا جانتی ہے کیونکہ یہ ایک تاریخی حقیقت ہے، اس کے لئے نہ کسی سے ملاقات کا ہونا ضروری ہے اور نہ ہی جائے وقوعہ پر موجود ہونا شرط ہے۔ بالکل اسی طرح ۲۰ رکعات تراویح پر اہل مکہ، اہل مدینہ، اہل کوفہ اور اہل بصرہ کا اجماع اور ۱۲۰۰ سالوں تک امتِ مسلمہ کا بلا اتفاق اس پر عمل اس بات کی دلیل ہے کہ حضرت ابو الحسناء نے خود صحابہ کرامؓ اور تابعین کو بیس رکعات تراویح پڑھتے دیکھا اور حدیث بیان فرمائی کہ حضرت علیؓ نے ۲۰ رکعات کا ہی حکم دیا تھا۔ اب ۱۲۰۰ سالوں تک امتِ مسلمہ کے ۲۰ رکعات تراویح پر متفق ہونے پر اعتماد کیا جائے یا اس زمانے کے زبیر علی زئی اور ان کے غیر مقلد ٹولے پر؟ فیصلہ آپ پر ہے۔

اہلسنت والجماعت (احناف) کا بیس رکعات تراویح پر دلیل نمبر ۱۱

"قَالَ الْاِمَامُ الْحَافِظُ الْمُحَدِّثُ اِبْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ حَسَنٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ قَالَ: «كَانَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ فِي رَمَضَانَ بِالْمَدِينَةِ عِشْرِينَ رَكْعَةً، وَيُوتِرُ بِثَلَاثٍ»"۔ "امام عبد العزیز بن رفیعؒ فرماتے ہیں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ میں رمضان کے مہینے میں لوگوں کو بیس رکعات نماز (تراویح) اور تین (رکعات وتر پڑھاتے تھے"۔ (مصنف ابن ابي شيبة: ج۲، كَمْ يُصَلِّي فِي رَمَضَانَ مِنْ رَكْعَةٍ، ص۳۵۴، حدیث نمبر ۷۷۶۷؛ الترغیب والترھیب للاصبھانی: ج۲، ص۳۶۸)





٣٥٤ — كتاب جامع الصلاة

الْقُرْآنَ خَتْمَةً، وَإِنْ كَانَ [قِرَاءَة] بَيْنَ ذَلِكَ فَخَتْمَةً وَنِصْفٌ، فَإِنْ كَانَ سَرِيعَ الْقِرَاءَةِ فَمَرَّتَيْنِ.

٢٢٤- كَمْ يُصَلِّي فِي رَمَضَانَ مِنْ رَكْعَةٍ؟

٧٧٦٣- حَدَّثَنَا أبو بكر قال: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ شُتَيْرِ بْنِ شَكَلٍ، أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي فِي رَمَضَانَ عِشْرِينَ رَكْعَةً وَالْوِتْرَ.

٧٧٦٤- حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِي الْحَسْنَاءِ، أَنَّ عَلِيًّا أَمَرَ رَجُلًا يُصَلِّي بِهِمْ فِي رَمَضَانَ عِشْرِينَ رَكْعَةً(١).

٧٧٦٥- حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ أَمَرَ رَجُلًا يُصَلِّي بِهِمْ عِشْرِينَ رَكْعَةً(٢).

٧٧٦٦- حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ نَافِعِ بْنِ عُمَرَ قال: كَانَ ابن أَبِي مُلَيْكَةَ يُصَلِّي بِنَا فِي رَمَضَانَ عِشْرِينَ رَكْعَةً وَيَقْرَأُ بِحَمْدِ الْمَلَائِكَةِ فِي رَكْعَةٍ.

٧٧٦٧- حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرحمن، عَنْ حَسَنٍ، [عَنْ](٣) عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ قال: كَانَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ فِي رَمَضَانَ بِالْمَدِينَةِ عِشْرِينَ رَكْعَةً وَيُوتِرُ بِثَلَاثٍ(٤).

٧٧٦٨- حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، أَنَّهُ كَانَ يَؤُمُّ النَّاسَ فِي رَمَضَانَ بِاللَّيْلِ بِعِشْرِينَ رَكْعَةً وَيُوتِرُ بِثَلَاثٍ وَيَقْنُتُ قَبْلَ الرُّكُوعِ.

زبیر علی زئی صاحب مندرجہ بالا روایت کے بارے میں بھی وہی اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ”یہ روایت منقطع ہے۔ عبد العزیز رفیع نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو نہیں پایا تھا“۔ (تعداد رکعات قیام رمضان: ص ٦٦، بحوالہ آثار السنن)

زبیر علی زئی صاحب کی علمی بصیرت پر مجھے رشک آتا ہے کہ موصوف اپنے مسلک کی پرچار میں احادیث کو ضعیف قرار دینے پر کسطرح بضد ہیں۔

الجواب: امام عبد العزیز بن رفیعؒ جلیل القدر تابعی ہیں اور عادل و ثقہ راویوں میں سے ہیں۔ انھوں نے خود صحابہ کرامؓ اور تابعین کو بیس رکعات تراویح پڑھتے دیکھا اور حدیث بیان فرمائی جو اس بات کی دلیل ہے کہ حضرت ابی بن کعبؓ مدینہ منورہ میں صحابہ کرامؓ و تابعینؒ کو ۲۰ رکعات تراویح ہی پڑھایا کرتے تھے۔ اب خیر القرون کے زمانے کے جلیل القدر تابعی امام عبد العزیز بن رفیعؒ پر اعتماد نہ کیا جائے تو کیا آج کے اِس پُر فتن دور کے زبیر علی زئی صاحب پر کیا جائے؟ جن پر ان کے اپنے فرقے لوگوں کا اعتماد نہیں۔

اہلسنت والجماعت (احناف) کا بیس رکعات تراویح پر دلیل نمبر ۱۲

حضرت شتیر بن شکلؒ، حضرت علیؓ کے شاگرد تھے کوفہ میں رہائش پذیر تھے۔

”حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ قَالَ: ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ شُتَيْرِ بْنِ شَكَلٍ: «أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي فِي رَمَضَانَ عِشْرِينَ رَكْعَةً وَالْوِتْرَ»“۔ ”حضرت شتیر بن شکل لوگوں کو رمضان میں بیس رکعت تراویح اور تین رکعت وتر پڑھاتے تھے“۔ (مصنف ابن ابي شيبة: ج ٢، باب كَمْ يُصَلِّي فِي رَمَضَانَ مِنْ رَكْعَةٍ، ص ٣٥٤، حديث نمبر ٧٧٦٣)


٣٥٤ ——— كتاب جامع الصلاة

الْقُرْآنَ خَتْمَةً، وَإِنْ كَانَ [قِرَاءَةً] بَيْنَ ذَلِكَ فَخَتْمَةً وَنِصْفٌ، فَإِنْ كَانَ سَرِيعَ الْقِرَاءَةِ فَمَرَّتَيْنِ.

٢٢٤- كَمْ يُصَلِّي فِي رَمَضَانَ مِنْ رَكْعَةٍ؟

٧٧٦٣- حَدَّثَنَا أبو بكر قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ شُتَيْرِ بْنِ شَكَلٍ، أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي فِي رَمَضَانَ عِشْرِينَ رَكْعَةً وَالْوِتْرَ.


٧٧٦٤- حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِي الْحَسْنَاءِ، أَنَّ عَلِيًّا أَمَرَ رَجُلًا يُصَلِّي بِهِمْ فِي رَمَضَانَ عِشْرِينَ رَكْعَةً[1].

٧٧٦٥- حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ أَمَرَ رَجُلًا يُصَلِّي بِهِمْ عِشْرِينَ رَكْعَةً[2].

٧٧٦٦- حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ نَافِعِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ ابن أَبِي مُلَيْكَةَ يُصَلِّي بِنَا فِي رَمَضَانَ عِشْرِينَ رَكْعَةً وَيَقْرَأُ بِحَمْدِ الْمَلَائِكَةِ فِي رَكْعَةٍ.

٧٧٦٧- حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرحمن، عَنْ حَسَنٍ، [عَنْ][3] عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ قال: كَانَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ فِي رَمَضَانَ بِالْمَدِينَةِ عِشْرِينَ رَكْعَةً وَيُوتِرُ بِثَلَاثٍ[4].

٧٧٦٨- حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، أَنَّهُ كَانَ يَؤُمُّ النَّاسَ فِي رَمَضَانَ بِاللَّيْلِ بِعِشْرِينَ رَكْعَةً وَيُوتِرُ بِثَلَاثٍ وَيَقْنُتُ قَبْلَ الرُّكُوعِ.



اس روایت کے بارے میں زبیر علی زئی صاحب فرماتے ہیں: ”اس روایت کی سند ابو اسحاق سبیعی مدلس اور سفیان ثوری مدلس کے عن عن کی وجہ سے ضعیف ہے“۔

حافظ زبیر علی زئی صاحب کی علمی بصیرت، دوہرے معیارات اور علمی خیانتوں میں ایک اور بدترین اضافہ پیشِ خدمت ہے۔

الجواب نمبر ۱: ”امام سفیان بن سعید بن مسروق الثوری رحمہ اللہ (متوفی ۱۶۱ھ) خیر القرون کے محدث ہیں اور احناف کے نزدیک خیر القرون کی تدلیس صحتِ حدیث کے منافی نہیں“۔ (قواعد فی علوم الحدیث للعثمانی: ص۱۵۹)

الجواب نمبر ۲: ”تدلیس کے اعتبار سے محدثین نے رواۃ حدیث کے مختلف طبقات بنائے ہیں، بعض طبقات کی روایات کو صحت حدیث کے منافی جبکہ دوسرے بعض کی روایات کو مقبول قرار دیا ہے۔ امام سفیان بن سعید الثوری رحمہ اللہ کو محدثین کی ایک جماعت جن میں امام ابوسعید العلائی، علامہ ابن حجر عسقلانی، محدث ابن العجمی شامل ہیں، نے طبقہ ثانیہ میں شمار کیا ہے۔ (جامع التحصیل فی احکام المراسیل: ص۱۱۳؛ طبقات المدلسین: ص۶۴؛ التعلق الامین علی کتاب التبیین لاسماء المدلسین: ص۹۲؛ تسمیۃ مشایخ وذکر المدلسین: ص۱۲۳؛ کتاب المدلسین الامام الحافظ ابی زرعۃ احمد بن عبد الرحیم بن العرابی: ص۶)

امام مسلمؒ نے خود اپنی صحیح میں سفیان ثوریؒ کی عن والی روایات شامل کی ہیں جو اس بات کی دلیل ہے کہ امام سفیان ثوریؒ کی تدلیس صحت کے منافی نہیں۔



المبحث الحادي عشر

اسم الراوي : سفيان الثوري.
مرتبته : من الثانية.
عدد رواياته : ٣٥٣ رواية.

ترجمته :

قال الحافظ : «ثقة، حافظ، فقيه، عابد، إمام، حجة، وكان ربما دلس»(١).


ذكره في المدلسين: النسائي(٢)، والذهبي(٣)، والعلائي(٤)، والمقدسي(٥)، والحلبي(٦)، والحافظ ابن حجر(٧)، وجعله في الثانية من مراتب المدلسين.

رواياته :

١ ــ كتاب الإيمان، باب علامة المنافق، ١/ ١١١، حديث ٣٤.
٢ ــ كتاب العلم، باب ما كان النبي ﷺ يتخولهم بالموعظة، ١/ ١٩٥، حديث ٦٨.
٣ ــ كتاب العلم، باب الغضب في الموعظة والتعليم، ١/ ٢٢٤، حديث ٩٠.
٤ ــ كتاب العلم، باب كتابة العلم، ١/ ٢٤٦، حديث ١١١.
٥ ــ كتاب الوضوء، باب الوضوء مرة مرة، ١/ ٣١١، حديث ١٥٧.
٦ ــ كتاب الوضوء، باب الوضوء من غير حدث، ١/ ٣٧٧، حديث ٢١٤.
٧ ــ كتاب الوضوء، باب البزاق والمخاط ونحوه في الثوب، ١/ ٤٢٠، حديث ٢٤١.


(١) تقريب التهذيب ص ٢٤٤.
(٢) انظر: ميزان الاعتدال (١/ ٤٦٠).
(٣) انظر: المرجع السابق (٢/ ٢٦٩).
(٤) انظر: جامع التحصيل ص ١٠٦.
(٥) انظر: قصيدته ص ٣٧.
(٦) انظر: التبيين ص ٧٢.
(٧) انظر: تعريف أهل التقديس ص ٣٢.

١٧٠






المبحث العشرون: (ز) مقاتل بن حيان.
المبحث الحادي والعشرون: موسى بن عقبة.
المبحث الثاني والعشرون: (ز) ميمون بن أبي شبيب.
المبحث الثالث والعشرون: يحيى بن سعيد الأنصاري.
المبحث الرابع والعشرون: يزيد بن هارون.
الفصل الثاني: روايات أصحاب المرتبة الثانية، وفيه مباحث:
المبحث الأول: (ز) إبراهيم بن يزيد بن شريك التيمي.
المبحث الثاني: إبراهيم بن يزيد النخعي.
المبحث الثالث: إسماعيل بن أبي خالد.
المبحث الرابع: بشير بن المهاجر.
المبحث الخامس: جبير بن نفير.
المبحث السادس: الحسن البصري.
المبحث السابع: الحكم بن عتيبة.
المبحث الثامن: حماد بن أسامة.
المبحث التاسع: حماد بن أبي سليمان.
المبحث العاشر: خالد بن معدان.
المبحث الحادي عشر: زكرياء بن أبي زائدة.
المبحث الثاني عشر: سالم بن أبي الجعد.
المبحث الثالث عشر: سعيد بن أبي عروبة.
المبحث الرابع عشر: سعيد بن عبد العزيز.
المبحث الخامس عشر: سفيان بن سعيد الثوري.
المبحث السادس عشر: سفيان بن عيينة.
المبحث السابع عشر: سليمان بن داود الطيالسي.
المبحث الثامن عشر: سليمان بن طرخان التيمي.
المبحث التاسع عشر: شريك القاضي.
المبحث العشرون: (ز) عبد الجبار بن وائل.



نیز عصر حاضر میں الدکتور العواد الخلف اور سید عبد الماجد الغوری نے بھی امام سفیان ثوری رحمہ اللہ کو مرتبہ / طبقہ ثانیہ میں شمار کیا ہے۔(روایات المدلسین للعواد الخلف:ص ۱۷۰؛التدلیس والمدلسون للغوری:ص ۱۰۴؛التدلیس والمدلسون:شیخ حماد انصاری)

خود زبیر علی زئی صاحب کے "شیخ" بدیع الدین شاہ راشدی نے بھی امام سفیان ثوری رحمہ اللہ کو اول درجے کے مدلسین میں شمار کیا ہے۔بدیع الدین شاہ راشدی صاحب لکھتے ہیں:"یہ کہ سفیان ثوری اول درجے کے مدلسین میں سے ہیں اور بقاعدہ محدثین ان کی تدلیس مقبول ہوگی اگرچہ سماع کی تصریح نہ کریں"۔(اہل حدیث کے امتیازی مسائل:ص ۳۴)




صحیح کہا ہے۔[۱] نیز اس پر حافظ زیلعی نے "نصب الرایہ" میں، حافظ ابن حجر نے "فتح الباری" میں اور امام نووی نے "شرح مسلم" میں سکوت کیا ہے اور اس پر کوئی جرح وغیرہ نہیں کی۔

الغرض اس حدیث شریف کے ماننے سے کوئی چیز مانع نہیں ہے اور اسی طرح مسند امام احمد[۲] میں بھی ایک حدیث حلب طائی سے مروی ہے جس کے الفاظ بھی مذکورہ حدیث کی طرح ہیں اور اس کی سند بالکل صحیح ہے۔

اعتراض: اور اگر کوئی کہے کہ اس کی سند میں سفیان ثوری واقع ہیں اور وہ مدلس ہیں۔
جواب: اس کا جواب دو طرح سے ہے:
اولاً: یہ کہ سفیان ثوری اول درجے کے مدلسین میں سے ہیں اور بقاعدہ محدثین ان کی تدلیس مقبول ہوگی اگرچہ سماع کی تصریح نہ کریں۔[۳]
ثانیاً: دوم یہ کہ اس حدیث کی سند میں سفیان ثوری نے اپنے استاد سماک سے سماع کی تصریح کی ہے اور کہا ہے کہ حدثنی سماک۔[۴]
اعتراض: اور کوئی کہے کہ اس کی سند میں سماک بن حرب واقع ہیں اور وہ مضطرب الحدیث ہیں تو پھر یہ حدیث کیونکر قابل احتجاج ہوگی۔
جواب: اس کا جواب یہ ہے کہ سماک کی سب روایتوں میں اضطراب نہیں ہے بلکہ ان میں اضطراب ہے، جو سماک نے عکرمہ سے روایت کی ہیں۔[۵] اور اس حدیث کو سماک نے عکرمہ سے روایت نہیں کیا بلکہ قبیصہ بن ہلب سے روایت کیا ہے۔[۶] تو پھر کس طرح یہ حدیث مضطرب اور ناقابل اعتبار ہو سکتی ہے؟ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ

بالجملہ یہ حدیث صحیح ہے اور یہ بھی ثابت ہوگیا کہ نبوی طریقہ اور مصطفوی اسوہ یہ ہے کہ ہاتھ نماز میں سینہ پر رکھے جائیں نہ کسی اور جگہ پر۔

۱ شرح ترمذی للامام ابن سید الناس اور نیل الاوطار للشوکانی.
۲ مسند احمد ۳ طبقات المدلسین لابن حجر: ۳۲
۴ مسند احمد: ۲۲۶/۵ ۵ تقریب التھذیب لابن حجر.
۶ مسند: ۲۲۶/۵



"محترم محبّ اللہ شاہ راشدی صاحب نے اپنی کتاب مقالات راشدیہ میں زبیر علی زئی صاحب کے رد میں ایک طویل اور مدلل تحریر لکھی ہے جس میں زبیر علی زئی صاحب کی طرف سے امام سفیان ثوریؒ کی تدلیس پر کئے تمام اعتراضات کے منہ توڑ جوابات دیئے ہیں"۔(مقالات راشدیہ: ج۱، ص۳۰۵-۳۳۲)



قارئین کرام! کچھ عرصہ ہوا راقم الحروف نے ایک مقالہ تحریر کیا تھا۔ اس کا موضوع تھا کہ "کھڑے ہو کر جوتی پہننے سے ممانعت کی جو حدیثیں وارد ہیں" ان میں سے دو حدیثیں۔

١۔ ((الثوری عن عبداللہ بن دینار عن ابن عمر ﷺ))

٢۔ ((الاعمش عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ ﷺ)) (صحیح الاسناد ہیں)

اس پر ہمارے ایک کرم فرما محترم مخلص دوست مولانا زبیر علی زئی حفظہ اللہ نے تنقید فرمائی ہے۔

تنقید سے نہ تو گھبرانا چاہیے اور نہ برا ہی منانا مناسب ہے۔ تنقید سے بالاتر تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی ذات پاک ہے یا اس کا رسول اللہ ﷺ ان کے علاوہ اور کسی کو یہ مقام وحیثیت ہرگز حاصل نہیں ہو سکتی۔

اپنے مقالہ میں محترم دوست نے چند کلمات میری تعریف میں بھی قلم بند فرمائے ہیں۔ یہ ان کا محض حسن ظن ہے۔ ورنہ "من آنم کہ من دانم" بہرحال اس حسن ظن کے لیے میں ان کا مرہون منت ہوں۔ اور اللہ تعالیٰ سے دل کی گہرائیوں سے دعا کرتا ہوں کہ وہ ارحم الراحمین انہیں دنیا وعقبیٰ میں جزائے خیر رحمت فرمائے۔ اللھم آمین

ہمارے محترم دوست نے ان حدیثوں کی سندوں کو ضعیف قرار دینے کے لیے بڑی کاوش کی ہے۔

لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ان کی یہ تحقیق یا تنقید قطعی طور پر مجھے مطمئن کرنے میں ناکام رہی ہے اور الحمد للہ ثم الحمد للہ میں ابھی تک اپنے پہلے موقف پر قائم ہوں اور اس سے بال برابر بھی ہٹنے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔ اس اجمال کی تفصیل قارئین آئندہ صفحات میں ملاحظہ فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ العزیز

محترم دوست ابتداء میں تحریر فرماتے ہیں اور پھر حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ کی کتاب طبقات المدلسین سے ثابت کیا کہ امام سفیان ثوری اور امام سلیمان بن مہران الاعمش مرتبہ ثانیہ کے مدلسین ہیں جن کا عنعنہ بھی قابل قبول ہے۔ (الاعتصام مجریہ دو اگست ۱۹۹۱ء صفحہ ۱۵ کالم اول)

حالانکہ یہ بات نہیں۔ امام سفیان ثوری رحمہ اللہ کے متعلق تو بلاشبہ میں نے لکھا ہے کہ چونکہ یہ طبقات المدلسین مولف حافظ ابن حجر رحمہ اللہ میں یہ مرتبہ ثانیہ میں مذکور ہے۔ لہٰذا اس کا عنعنہ مقبول ہے لیکن امام اعمش کے بارے میں اس طرح ہرگز نہیں لکھا بلکہ امام اعمش رحمہ اللہ کے متعلق میری عبارت اس طرح ہے کہ:

"اعمش کو اگرچہ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے دوسرے مرتبہ میں ذکر کیا ہے، لیکن اس سلسلہ میں ہمارے نزدیک موقف وہی صحیح ہے جو حافظ ذہبی رحمہ اللہ نے اختیار کیا ہے یعنی جب وہ الخ" (الاعتصام مجریہ ۷ جون ۱۹۹۱ء ص ۱۲ کالم اول)

اب قارئین کرام خود فیصلہ فرمائیں کہ میں نے کب اور کہاں لکھا ہے کہ اعمش کی تدلیس مطلقاً مقبول ہے کیونکہ حافظ صاحب نے ان کو مرتبہ ثانیہ میں ذکر کیا ہے؟ بلکہ الاعتصام میں میری عبارت واضح طور پر بتا رہی ہے کہ





گا؟ امام موصوف کے مسلک کے مطابق مدلسین کے طبقات تو باقی رہتے ہی نہیں کیونکہ ان کا مسلک تو یہ ہے کہ کسی بھی مدلس کی روایت بغیر تصریح سماع مقبول نہیں، یعنی خواہ ثقہ سے تدلیس کرتا ہو یا غیر ثقہ سے ایک مرتبہ بھی کسی نے تدلیس کا ارتکاب کیا تو امام موصوف ان کی روایت کو بغیر تصریح سماع قبول نہیں کرتے۔ امام موصوف کے اس مسلک پر تعجب نہیں کرنا چاہیے کیونکہ امام صاحب تو سماع کی تصریح سے مدلس کی روایت قبول کرتے ہیں بعض محدثین ایسے بھی ہیں جیسا کہ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ وغیرہ نے بیان کیا ہے جو تدلیس کو جرم قرار دیتے ہیں اور تدلیس کے مرتکب راوی کی کوئی روایت بھی قبول نہیں کرتے۔ گو سماع کی تصریح بھی کرتا ہو۔ اگرچہ یہ مسلک جمہور کا نہیں ہے۔ اب اگر آپ امام صاحب کے مسلک کو اختیار کرتے ہیں تو پہلے موقف سے دستبردار ہو جائیے۔ اور طبقات وغیرہ کی بات ہی نہ چھیڑیں اور اگر پہلے موقف پر ہی آپ قائم ہیں تو اپنے موقف پر استدلال کے لیے امام صاحب کی عبارت ہرگز پیش نہ فرمائیں۔ وھذا واضح لاخفاء فیہ۔

آگے اسی صفحہ ۱۶ کالم نمبر ۲ پر تحریر فرماتے ہیں:

تنبیہ ۲: سفیان ثوری کی درج ذیل علماء سے معنعن روایت بھی سماع پر محمول ہے: حبیب بن ابی ثابت سلمہ بن کہیل اور منصور وغیرہم۔


امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

((ولا اعرف لسفیان الثوری عن حبیب بن ابی ثابت ولا عن سلمۃ بن کھیل ولا عن منصور ومشائخ کثیرۃ لا اعرف لسفیان عن ھولاء تدلیسا، ما اقل تدلیسہ))

پھر اس کا ترجمہ تحریر فرمایا۔ پھر لکھتے ہیں: "کاش! مشائخ کثیرہ امام بخاری بتا دیتے۔" میرے محترم دوست آپ نے خیال نہیں فرمایا۔ امام بخاری نے تو بہت سے شیوخ کا ذکر کیا تھا لیکن امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان کا ذکر چھوڑ دیا کیونکہ "وذکر مشائخ کثیرۃ" یہ امام ترمذی رحمہ اللہ کا قول ہے یعنی امام بخاری رحمہ اللہ نے اور بھی بہت سے شیوخ کا ذکر کیا۔ اس لیے آپ کا یہ فرمانا کہ کاش امام بخاری یہ مشائخ کثیرہ بتا دیتے صحیح نہیں۔ باقی رہی یہ بات کہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان شیوخ کے نام کیوں ذکر نہ کیے۔ تو بات یہی سمجھ میں آتی ہے کہ جب امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ فرمایا کہ ان کی تدلیس بہت قلیل ونادر ہے۔ (جس پر ان کے یہ الفاظ "ما اقل تدلیسہ" دلالت کر رہے ہیں) لہٰذا اگر ایسے قلیل التدلیس اور حجۃ وامام وامیر المومنین فی الحدیث کی معنعن روایت بھی غیر مقبول ہوگی تو اور کس کی مقبول ہوگی؟ اور یہی مسلک امام المحدثین کے جلیل القدر شیخ علی ابن المدینی کا ہے۔

حافظ سخاوی رحمہ اللہ اپنی کتاب میں لکھتے ہیں: ❶

❶ فتح المغیث: ١٧٥/١.






بحالت قیام جوتا پہننے کی ممانعت 328 مقالاتِ راشدیہ (محب اللہ شاہ راشدی)

بقیہ مشہورین سے روایت کرے تو مقبول ہوتا ہے۔ جب بقیہ جیسے رواۃ جو ثقاہت کے نچلے یا متوسط درجہ میں ہوں، ان کی روایات بھی تصریح سماع سے مقبولہ ہیں اور امام ثوری رحمہ اللہ جو مطلق تدلیس کا ارتکاب بھی نہایت قلت سے کرتا تھا۔ کما قال امام المحدثین پھر بھی آپ ان کی معنعن روایت کو شرف قبولیت بخشنے پر تیار نہیں ہیں تو صاف معلوم ہوا کہ آپ امام ثوری رحمہ اللہ کی امامت ثقاہت، حجیت اور اتقان کا ذرہ بھر بھی لحاظ نہیں فرماتے۔ پتہ نہیں ان کی ثقاہت، اتقان، حجیت اور امامت کا مفہوم محترم کے ہاں کیا ہے؟

ثانیا: محترم دوست کی یہ عبارت ان کے اس موقف پر مبنی ہے۔ معنعن صرف اس مدلس کا مقبول ہے جو صرف ثقہ سے تدلیس کرتا ہو اور یہ مسلک مخدوش ہے کما مر تفصیلہ اور مزید اس سے یہ لازم آئے گا کہ امام ثوری رحمہ اللہ کی جو روایت بھی ان تین شیوخ، حبیب بن ابی ثابت، سلمہ بن کہیل اور منصور کے علاوہ جن شیوخ سے بھی ہو اور وہ روایت معنعن ہو (بجز اس صورت کے کہ امام ثوری سے شعبہ یا یحییٰ القطان روایت کرتے ہوں) تو وہ تدلیس کی وجہ سے نامقبول ہو۔ اور صورت حال یہ ہے کہ امام ثوری رحمہ اللہ کے صرف ثقات شیوخ کی لسٹ بھی کافی طویل ہے۔ دیکھیے کتب اسماء الرجال صحیحین کے متعلق تو آپ کا اور ہمارا یہی حسن ظن ہے کہ ان میں جو بھی رواۃ مدلسین ہیں، ان کا عنعنہ ونحوھا اتصال پر ہی محمول ہیں لیکن ان کے علاوہ بھی حدیث کی بہت سی کتابیں ہیں جن میں امام ثوری رحمہ اللہ کے واسطہ سے کئی روایات ملتی ہیں جن کے بارے میں ان کے ائمہ مصنفین کا یہی ارشاد ہے کہ وہ صحیح یا حسنہ ہیں۔ مثلاً امام ترمذی رحمہ اللہ کی "الجامع" اور ابتداء سے لے کر عصر حاضر تک کے شراح نے ان ائمہ کی تصریح کو بحال رکھا ہے۔ ملاحظہ ہو علامہ مبارکپوری کی کتاب "تحفۃ الاحوذی" اور علامہ شمس الحق عظیم آبادی کی کتب ابوداؤد کی شرحیں اور دارقطنی پر تعلیق وغیرھا من الکتب۔

لیکن محترم کے موقف کی بناء پر ایسی بہت سی روایات ضعیف ٹھہریں گی، اس سے تو یہ لازم آتا ہے کہ امام ثوری رحمہ اللہ کثرت سے تدلیس کے مرتکب ہوتے تھے اور یہ کہ امام المحدثین نے جو ثوری رحمہ اللہ کے متعلق فعل التعجب استعمال کیا یعنی "ما اقل تدلیسہ" اس کی تدلیس کتنی کم ہے۔" یہ صحیح بات نہ تھی بلکہ محترم کے خیال کے مطابق امام والا مقام کو تو "ما اکثر تدلیسہ" کہنا چاہیے تھا: "کتنی کثرت سے امام ثوری تدلیس کرتے ہیں۔ روایت کے لیے متابعت کی تلاش اور اس کا حصول جوئے شیر لانے سے کم نہیں۔ سردست تو چونکہ زیر بحث حدیث کے متعلق ہی گفتگو تھی۔ اس لیے آپ نے بھی اس کے بارے میں یہ ارشاد فرمایا لیکن اگر اس موقف کو سامنے رکھ کر ہم دواوین حدیث کو تلاش کرنا شروع کر دیں تو بہت سی روایات جن کو سلف سے لے کر خلف تک صحیح و متصل قرار دیتے آئے ہیں ان میں سے اچھی خاصی تعداد ضعیف بن جائے گی۔ تعجب ہے کہ جس جلیل القدر امام کے بارے میں امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس کی مطلق تدلیس بھی بہت کم ہے اس کے بارے میں محترم کا یہ فیصلہ ہے کہ مطلق تدلیس والی روایت کو چھوڑ دیے اس کی مدلسہ عن الضعفاء روایات کی فہرست بھی کافی طویل ہے۔



اور محدثین نے اس بات کی تصریح کی ہے کہ طبقہ ثانیہ کے مدلس کی روایت مقبول ہے، اس کی تدلیس صحت حدیث کے منافی نہیں۔ (التدلیس والمدلسون للغوری: ص ۱۰۴؛ جامع التحصیل فی احکام المراسیل: ص ۱۱۳؛ روایات المدلسین للعواد الخلف: ص ۳۲)

امام بخاریؒ سفیان ثوریؒ کے بارے میں فرماتے ہیں: "ولا اعرف لسفیان الثوری عن حبیب بن ابی ثابت ولاعن سلمۃ بن کھیل ولا عن منصوروذکرمشایخ کثیرۃ، ولاأعرف لسفیان عن ھؤلاءتدلیساً ما أقل تدلیسہ"۔ "سفیان ثوری کی کتنی کم تدلیس تھی"۔ (علل الترمذی: ج ۲، ص ۹۶۶؛ التمھید لابن عبد البر: ج ۱، ص ۳۵؛ جامع التحصیل للعلائی: ص ۱۳۰؛ النکت لابن حجر: ج ۲، ص ۶۳۱)

حافظ صلاح الدینؒ، امام سبط ابن العجمیؒ، امام ابوزرعۃ العراقیؒ اور حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے سفیان ثوریؒ کو طبقہ ثانیہ کا مدلس قرار دیا ہے۔

حافظ علائیؒ سفیان ثوریؒ کی تدلیس کے بارے میں فرماتے ہیں: "تحقیق سے یہ بات ثابت ہے کہ محدثین کرام کے نزدیک جس راوی کی تدلیس اس کی دیگر روایات کے مقابلے میں کم ہو گی اس کی تدلیس قابلِ قبول ہو گی"۔ (جامع تحصیل: ص ۱۱۳)

لہٰذا محدثین کے اصول کے مطابق سفیان ثوریؒ کی تدلیس قابل قبول ہے۔

الجواب نمبر۳: معزز قارئینِ کرام !میں آپ کے سامنے زبیر علی زئی صاحب کے کذب اور دجل و فریب کا ایک واضح ثبوت پیش کرتا ہوں۔زبیر علی زئی صاحب کی علمی صلاحیتوں اور خیانتوں کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ موصوف نے پہلی مرتبہ نورالعینین شائع کی تو سفیان ثوریؒ کو حافظ العلائیؒ کے جامع تحصیل کے حوالے سے طبقہ ثالثہ کا مدلس کہا، پھر (۱۴۰۵ھ / ۱۹۸۹ء) میں عبدالرشید الانصاری صاحب کے ساتھ جرابوں پر مسح کے موضوع پر ایک تحریری مناظرے میں سفیان ثوریؒ کو طبقہ ثانیہ کا مدلس قرار دیا۔ پھر نورالعینین صہ ۱۲۷ میں اپریل ۲۰۰۲ ء کے ایڈیشن میں دوبارہ طبقہ ثالثہ کا مدلس قرار دیدیا کیونکہ اس صفحہ پر احناف کے حق میں ترکِ رفع الیدین کی دلیل پر سفیان ثوریؒ کی تدلیس تھی۔ پھر جنوری ۲۰۰۴ ء میں دوبارہ انھیں طبقہ ثانیہ میں لکھا۔


مقدمہ 26

لہذا معلوم ہوا کہ غیر صحیحین میں سفیان ثوری کی عن والی روایت ضعیف ہوتی ہے۔راقم الحروف کی یہی تحقیق ہے جسے نورالعینین وغیرہ میں بار بار لکھا ہے۔

انسان خطا کا پتلا ہے۔آج سے تقریباً سولہ سال پہلے عبدالرشید انصاری کے نام ایک خط (۱۹/ ۸/ ۱۴۰۸ھ) میں راقم الحروف نے غلطی سے لکھ دیا کہ:

''طبقہ ثانیہ کا مدلس ہے جس کی تدلیس مضر نہیں ہے۔'' [جرابوں پر مسح ص ۴۰]

علم ہونے کے بعد میں نے علانیہ اس سے رجوع کیا اور یہ رجوع ماہنامہ شہادت میں بھی شائع ہوا ہے۔میں نے لکھا کہ: ''میری یہ بات غلط ہے۔میں اس سے رجوع کرتا ہوں۔لہذا اسے منسوخ و کالعدم سمجھا جائے گا۔''

[ماہنامہ شہادت ج ۱۰ شمارہ ۴ ص ۳۹ ب، مطبوعہ اپریل ۲۰۰۳]

نوٹ:۔ یہاں میں اس بات کا اعلان کرتا ہوں کہ میری صرف وہی کتاب مستند و معتبر ہے جس کے ہر ایڈیشن کے آخر میں میرے دستخط مع تاریخ موجود ہیں۔اس شرط کے بغیر شائع شدہ کتاب کا میں ذمہ دار نہیں ہوں۔

مخطوطہ ظاہریہ کے بیرونی ٹائٹل پر لکھا ہوا ہے کہ: ''كتاب رفع اليدين فى الصلوة تأليف الإمام الحافظ الحجة شيخ الحفاظ علم المحدثين أمير المؤمنين أبي عبدالله محمد بن إسماعيل بن إبراهيم البخاري الجعفي رحمه الله تعالىٰ ورضي عنه وعنا به آمين''


اختتام

آخر میں عرض ہے کہ رفع الیدین کے اثبات کے دلائل اور مخالفین رفع الیدین کے شبہات کے مفصل جوابات تو میں نے ''نورالعینین'' میں دے دیے ہیں۔تفصیل کے طالب حضرات کے لئے ''نورالعینین'' کا مطالعہ ضروری ہے۔عام لوگوں کے لئے امام بخاری کی جزء رفع الیدین (مع تحقیق) ہی کافی ہے والحمدللہ/ وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب.

حافظ زبیر علی زئی (۲۵ جون ۲۰۰۳ء)

[طبع دوم: بعد از مراجعت والحمدللہ حافظ زبیر علی زئی (۲۰ صفر ۱۴۲۷ھ)]

☆☆☆



سفیان ثوریؒ کی تدلیس پر زبیر علی زئی صاحب کی طرف سے کیئے جانے والے تمام اعتراضات واوھام کے مدلل اور جامع جوابات حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی ترکِ رفع یدین والی حدیث کی مکمل تحقیق پر یہاں ملاحظہ فرمائیں۔

اہلسنت والجماعت (احناف) کا بیس رکعات تراویح پر دلیل نمبر ۱۳

"زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ رَحِمَهُ اللَّهُ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يُصَلِّي بِنَا فِي شَهْرِ رَمَضَانَ فَيَنْصَرِفُ وَعَلَيْهِ لَيْلٌ قَالَ الْأَعْمَشُ: "كَانَ يُصَلِّي عِشْرِينَ رَكْعَةً وَيُوتِرُ بِثَلَاثٍ"". "حضرت زید بن وہب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ رمضان شریف میں ہمیں نماز (تراویح) پڑھاتے اور گھر کو لوٹ جاتے تو رات ابھی باقی ہوتی تھی آپ رضی اللہ عنہ بیس رکعات (تراویح) اور تین رکعات وتر پڑھاتے تھے"۔ (قیام رمضان للمزوری: ص ۲۲۱)

زيد بن وهب رحمه الله: كان عبدالله بن مسعود رضى الله عنه يصلي بنا في شهر رمضان فينصرف وعليه ليل.

قال الأعمش: كان يصلي عشرين ركعة ويوتر بثلاث.

وقال عطاء: ادركتهم يصلون في رمضان عشرين ركعة والوتر ثلاث ركعات.

عبدالله بن قيس عن شتير: وكان من أصحاب عبدالله المعدودين أنه كان يصلي بهم في رمضان عشرين ركعة ويوتر بثلاث.

محمد بن سيرين: إن معاذاً(۱) أبا حليمة القاري، كان يصلي بالناس في رمضان إحدى وأربعين ركعة.

ابن أبي ذئب، عن صالح مولى التوأمة قال: أدركت الناس قبل الحرة(۲) يقومون بإحدى وأربعين ركعة يوترون منها بخمس.

قال ابن أبي ذئب فقلت: لا يسلمون بينهن؟ فقال: بل يسلمون بين كل ثنتين ويوترون بواحدة إلا أنهم يصلون جميعا.

عمرو بن مهاجر: أن عمر بن عبدالعزيز كانت تقوم العامة بحضرته في رمضان بخمس عشرة تسليمة وهو في قبته لا تدري ما يصنع.

داؤد بن قيس قال: أدركت المدينة في زمان ابان بن عثمان وعمر بن عبدالعزيز يصلون ستة وثلاثين ركعة ويوترون بثلاث.


نافع: لم أدرك الناس إلا وهم يصلون تسعاً وثلاثين ركعة ويوترون منها بثلاث.

ورقاء بن اياس كان سعيد بن جبير يصلي بنا في رمضان من أول الشهر إلى عشرين ليلة ست ترويحات. فإذا دخل العشر زاد ترويحة.

(۱) هو ابن الحارث الأنصاري النجاري المازني ولد عام الخندق وقتل يوم الحرة سنة ٦٣هـ ١٢خ.

(۲) هي أيام يزيد بن معاوية لما نهب المدينة عسكره من أهل الشام الذين ندبهم لقتال أهل المدينة من الصحابة والتابعين وأمر عليهم مسلم بن عقبة في ذي الحجة سنة ٦٣هـ وعقيبها هلك يزيد وحرة هذه أرض بظاهر المدينة بها حجارة سود كثيرة ١٢ شرح جامع الأصول للمصنف نقلا من المجمع ١٢.

- ۲۲۱ -



مندرجہ بالا حدیث کے بارے میں زبیر علی زئی صاحب لکھتے ہیں: "یہ روایت بے سند ہے اور بے سند روایت مردود ہوتی ہے"۔ (نیز دیکھئے تعداد رکعات قیام رمضان کا تحقیقی جائزہ: ص ۸۱)

کاش کہ زبیر علی زئی صاحب عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری کا مطالعہ ٹھیک طرح سے کرتے اور صرف اپنے مطلب کی عبارات پڑھنے کے بجائے تحقیق وانصاف سے کام لیتے تو یقیناً اس روایت کو بے سند ومردود کہنے کی حماقت نہ کرتے۔

الجواب: معزز قارئینِ کرام مندرجہ بالا حدیث کی سند ملاحظہ فرمائیں جو عمدۃ القاری شرح بخاری للعلامۃ العینی میں موجود ہے۔

”رَوَاهُ مُحَمَّد بن نصر الْمروزِي قَالَ: أخبرنَا يحيى بن يحيى أخبرنَا حَفْص بن غياث عَن الْأَعْمَش عَن زيد بن وهب، قَالَ: (كَانَ عبد الله بن مَسْعُود يُصَلِّي لنا فِي شهر رَمَضَان) فَيَنْصَرِف وَعَلِيهِ ليل، قَالَ الْأَعْمَش: كَانَ يُصَلِّي عشْرين رَكْعَة ويوتر بِثَلَاث“۔(عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری:ج۱۱،بابُ فَضْلِ مَنْ قامَ رَمَضَانَ،ص۱۸۰)


١٨٠ ٣١ - كتاب التراويح / باب (١)

وأما غيرهما من الصحابة فروي ذلك عن عبد الله بن مسعود، رواه محمد بن نصر المروزي قال: أخبرنا يحيى بن يحيى أخبرنا حفص بن غياث عن الأعمش عن زيد بن وهب، قال: «كان عبد الله بن مسعود يصلي لنا في شهر رمضان» فينصرف وعليه ليل، قال الأعمش: كان يصلي عشرين ركعة ويوتر بثلاث».

وأما القائلون به من التابعين: فشتير بن شكل، وابن أبي مليكة والحارث الهمداني وعطاء بن أبي رباح، وأبو البختري وسعيد بن أبي الحسن البصري أخو الحسن وعبد الرحمن ابن أبي بكر وعمران العبدي. وقال ابن عبد البر: وهو قول جمهور العلماء، وبه قال الكوفيون والشافعي وأكثر الفقهاء، وهو الصحيح عن أبي بن كعب من غير خلاف من الصحابة. وقيل: ست عشرة، فهو مروي عن أبي مجلز أنه كان يصلي بهم أربع ترويحات، ويقرأ لهم سبع القرآن في كل ليلة، رواه محمد بن نصر من رواية عمران بن حدير عن أبي مجلز.

وقيل ثلاث عشرة، واختاره محمد بن إسحاق، روى محمد بن نصر من طريق ابن إسحاق، قال: حدثني محمد بن يوسف بن عبد الله بن يزيد ابن أخت نمر عن جده السائب ابن يزيد، قال: «كنا نصلي في زمان عمر بن الخطاب، رضي الله تعالى عنه، في رمضان ثلاث عشرة ركعة، ولكن والله ما كنا نخرج إلاَّ في وجاه الصبح، كان القارىء يقرأ في كل ركعة بخمسين آية وستين آية». قال ابن إسحاق: ما سمعت في ذلك حديثاً هو أثبت عندي ولا أحرى بأن يكون من حديث السائب، وذلك أن صلاة رسول الله ﷺ كانت من الليل ثلاث عشرة ركعة. وقال شيخنا: لعل هذا كان من فعل عمر أولاً، ثم نقلهم إلى ثلاث وعشرين.

وقيل: إحدى عشرة ركعة، وهو اختيار مالك لنفسه، واختاره أبو بكر العربي.

١١٧/٢٠١١ — **حدَّثنا** إسْماعِيلُ قال حدَّثني مالِكٌ عنِ ابنِ شِهابٍ عنْ عُرْوَةَ بنِ الزُّبَيْرِ عنْ عائِشَةَ رضي الله تعالى عنها زَوْجِ النبيِّ ﷺ أنَّ رسولَ الله ﷺ صلَّى وذَلِكَ في رمَضانَ. [انظر الحديث ٧٢٩ وأطرافه].

مطابقته للترجمة ظاهرة لأنه في التراويح، وإسماعيل هو ابن أبي أويس، وقد ذكر البخاري هذا الحديث تاماً في أبواب التهجد في: باب تحريض النبي ﷺ على قيام الليل، فقال: حدثنا عبد الله بن يوسف، قال: أخبرنا مالك عن ابن شهاب عن عروة بن الزبير «عن عائشة أم المؤمنين: أن رسول الله، ﷺ، صلى ذات ليلة في المسجد، فصلى بصلاته ناس، ثم صلى من القابلة فكثر الناس، ثم اجتمعوا من الليلة الثالثة والرابعة، فلم يخرج إليهم رسول الله ﷺ، فلما أصبح قال: قد رأيت الذي صنعتم فلم يمنعني من الخروج إليكم إلاَّ أني خشيت أن يفرض عليكم، وذلك في رمضان». وقد مر الكلام فيه مستوفى، وهنا أورد هذا الحديث مختصراً جداً، فذكر من أوله: أن رسول الله ﷺ صلى، ثم اختصر إلى قوله في آخر الحديث: وذلك في رمضان. **قوله: «وذلك»** إشارة إلى ما فعله ﷺ من صلاته في الليلتين.


عُمْدَةُ القَارِي
شَرْح
صَحِيحِ البُخَارِي
تأليف
الإمام العلامة بدر الدين أبي محمد محمود بن أحمد العيني
المتوفى سنة ٨٥٥ هـ
ضبطه وصححه
عبد الله محمود محمد عمر
طبعة جديدة مرقمة الكتب والأبواب والأحاديث
حسب ترقيم المعجم المفهرس لألفاظ الحديث النبوي الشريف
الجزء الحادي عشر
منشورات
محمد علي بيضون
دار الكتب العلمية

یہ سند بخاری و مسلم کی شرط پر صحیح ہے۔ مندرجہ بالا روایت کے راویوں کی توثیق ملاحضہ فرمائیں۔

۱۔ امام یحیٰی بن یحیٰیؒ:”ابو زکریا یحیٰی بن یحیٰی بن بکر بن عبد الرحمٰن التمیمیؒ۔ آپ صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن الترمذی اور سنن النسائی کے راویوں میں سے ہیں۔ آپ ثقہ، ثبت اور امام ہیں“۔ (تقریب التہذیب:ص۷۶۶۸)

۲۔ حفص بن غیاثؒ:”ابو عمر حفص بن غیاث النخعی القاضی۔ آپ صحاح ستہ کے مرکزی راوی ہیں۔ ثقہ اور فقیہ ہیں“۔ (تقریب التہذیب: ص۱۴۳۰)

۳۔ امام الاعمشؒ:”سلیمان بن مہران الاعمش۔ آپ صحیح البخاری، صحیح مسلم اور سنن اربعہ کے راوی ہیں اور بالاتفاق ثقہ ہیں“۔ (تقریب التہذیب:ص۲۶۱۵؛الجرح والتعدیل:ج۹،ص۴۱۳)

۴۔ زید بن وھبؒ: "ابو سلیمان زید بن وھب الجھنی۔ آپ صحیح البخاری، صحیح مسلم اور سنن اربعہ کے راوی ہیں اور ثقہ ہیں"۔ (تقریب التہذیب: ص۲۱۵۹)

۵۔ عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ: "آپ مشہور صحابی اور صحابہ میں بڑے علمی حیثیت کے مالک تھے"۔ (تقریب التہذیب: ص۳۶۱۳)

زبیر علی زئی صاحب کے دجل و فریب اور کذب بیانیوں کی تصدیق غیر مقلد عالم جناب ابو الفوزان کفایت اللہ السنابلی صاحب کی زبانی

داعی اسلامک انفارمیشن سینٹر، ممبئی، انڈیا، جناب ابو الفوزان کفایت اللہ السنابلی صاحب اپنی کتاب "کیا یزید بن معاویہ رحمہ اللہ سنت کو بدلنے والے تھے؟" میں پہلے لکھتے ہیں کہ: "الحمد للہ ہم حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ کا بہت احترام کرتے ہیں اور ان کی تحریروں سے بکثرت استفادہ کرتے ہیں اور ان کے رسالہ الحدیث کو ممتاز رسالوں میں شمار کرتے ہیں اور عموماً احادیث کے سلسلے میں ہم حافظ موصوف ہی کے فیصلہ کو ترجیح دیتے ہیں"۔ کفایت اللہ سنابلی صاحب اس عبارت کے حاشیئے میں لکھتے ہیں: "زبیر علی زئی صاحب پر ہمارا یہ اعتماد قطعاً باقی نہیں ہے، ہماری اس بات کو منسوخ سمجھا جائے جس طرح محدثین بعض رواۃ کی توثیق کر دیتے ہیں اور بعد میں اصل حقائق سے آگاہی کے بعد اسے مجروح قرار دیتے ہیں کچھ اسی طرح کا معاملہ ہمارے ساتھ پیش آیا ہے۔ دراصل ہم نے حسن ظن کی بنیاد پر یہ باور کیا تھا کہ زبیر علی زئی صاحب محدثین وائمہ کے حوالے سے جو کچھ نقل کرتے ہیں ان سب میں پوری امانت و دیانت کا ثبوت دیتے ہوں گے اسی طرح تحقیق حدیث میں جن قواعد و اصول کو بنیاد بناتے ہیں وہ بھی محدثین سے ثابت ہوں گے۔ لیکن جب ہمارا ان سے مناقشہ ہوا اور ہم نے ضرورت محسوس کی کہ ان کی پیش کردہ باتوں کو اصل مراجع سے دیکھا جائے تو اس مرحلہ میں یہ او جھل حقیقت منکشف ہوئی کہ زبیر علی زئی صاحب اپنے اندر بہت ساری کمیاں رکھتے ہیں مثلاً خود ساختہ اصولوں کو بلا جھجھک محدثین کا اصول بتاتے ہیں، بہت سارے مقامات پر محدثین کی باتیں اور عربی عبارتیں صحیح طرح سے سمجھ نہیں پاتے، اور کہیں محدثین کی غلط ترجمانی کرتے ہیں یا بعض محدثین و اہل علم کی طرف ایسی باتیں منسوب کرتے ہیں جن سے وہ بری ہوتے ہیں، اور کسی سے بحث کے دوران مغالطہ بازی کی حد کر دیتے ہیں۔ اور فریق مخالف کے حوالے سے ایسی ایسی باتیں نقل کرتے ہیں یا اس کی طرف ایسی باتیں منسوب کرتے ہیں جو اس کے خواب وخیال میں بھی نہیں ہوتیں۔

ان تمام کوتاہیوں کے باوجود زبیر علی زئی صاحب کے اندر ایک اہم خوبی یہ ہے کہ وہ جرح و تعدیل کے اقوال کی بھی چھان بین ضروری سمجھتے ہیں کہ آیا وہ ناقدین سے ثابت ہیں کہ نہیں یہ ایک اہم خوبی ہے اور محض اسی امتیاز نے راقم السطور کو ان کی تحریروں کی طرف راغب کیا لیکن افسوس کہ اس بابت بھی آنجناب کی تحقیقات پر اس لحاظ سے سوالیہ نشان لگ جاتا ہے کہ مبادا یہاں بھی

موصوف نے وہی طرز عمل اختیار کیا ہو گا جس کی طرف سطور بالا میں اشارہ کیا گیا ہے"۔(زبیر علی زئی کے رد میں دوسری تحریر۔ کیا یزید بن معاویہ رحمہ اللہ سنت کو بدلنے والے تھے؟:ص ۲)

کیا یزید بن معاویہ رحمہ اللہ سنت کو بدلنے والے تھے؟ | زبیر علی زئی پر رد میں دوسری تحریر | ۲


الحمد للہ ہم حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ کا بہت احترام کرتے ہیں اور ان کی تحریروں سے بکثرت استفادہ کرتے ہیں اور ان کے رسالہ الحدیث کو ممتاز رسالوں میں شمار کرتے ہیں اور عموما احادیث پر احکام کے سلسلے میں ہم حافظ موصوف ہی کے فیصلہ کو ترجیح دیتے ہیں(۱)۔

لیکن اس کے ساتھ ساتھ اگر حافظ موصوف کے کسی فیصلہ میں ہمیں دلائل کا وزن بالکل ہی محسوس نہ ہو تو ہم اسے رد کرنے پر خود کو مجبور پاتے ہیں، الحمد للہ زیر بحث روایت کے

(۱) زبیر علی زئی صاحب پر ہمارا یہ اعتماد اب قطعا باقی نہیں ہے، ہماری اس بات کو منسوخ سمجھا جائے۔ جس طرح محدثین بعض رواۃ کی توثیق کر دیتے ہیں اور بعد میں اصل حقائق سے آگاہی کے بعد اسے مجروح قرار دیتے ہیں کچھ اسی طرح کا معاملہ ہمارے ساتھ بھی پیش آیا۔ دراصل ہم نے حسن ظن کی بنیاد پر یہ باور کیا تھا کہ علی زئی صاحب محدثین و ائمہ کے حوالے سے جو کچھ نقل کرتے ہیں ان سب میں پوری امانت اور دیانت داری کا ثبوت دیتے ہوں گے اسی طرح تحقیق حدیث میں جن قواعد و اصول کو بنیاد بناتے ہیں وہ بھی محدثین سے ثابت ہوں گے۔

لیکن جب ہمارا ان سے مناقشہ ہوا اور ہم نے ضرورت محسوس کی کہ ان کی پیش کردہ باتوں کو اصل مراجع سے دیکھا جائے تو اس مرحلہ میں یہ اوجھل حقیقت منکشف ہوئی کہ زبیر علی زئی صاحب اپنے اندر بہت ساری کمیاں رکھتے ہیں مثلا خود ساختہ اصولوں کو بلا جھجک محدثین کا اصول بتلاتے ہیں، بہت سارے مقامات پر محدثین کی باتیں اور عربی عبارتیں صحیح طرح سے سمجھ ہی نہیں پاتے، اور کہیں محدثین کے موقف کی غلط ترجمانی کرتے ہیں یا بعض محدثین واہل علم کی طرف ایسی باتیں منسوب کرتے ہیں جن سے وہ بری ہوتے ہیں۔ اور کسی سے بحث کے دوران مغالطہ بازی کی حد کر دیتے ہیں۔ اور فریق مخالف کے حوالے سے ایسی ایسی باتیں نقل کرتے ہیں یا اس کی طرف ایسی باتیں منسوب کر دیتے ہیں جو اس کے خواب وخیال میں بھی نہیں ہوتیں۔

ان تمام کوتاہیوں کے باوجود زبیر علی زئی صاحب کے اندر ایک اہم خوبی یہ ہے کہ وہ جرح وتعدیل کے اقوال کی بھی چھان بین ضروری سمجھتے ہیں کہ آیا وہ ناقدین سے ثابت ہیں یا نہیں یہ ایک اہم خوبی ہے اور محض اسی امتیاز نے راقم السطور کو ان کی تحریروں کی طرف راغب کیا۔ لیکن افسوس کہ اس بابت بھی آنجناب کی تحقیقات پر اس لحاظ سے سوالیہ نشان لگ جاتا ہے کہ مبادا یہاں بھی موصوف نے وہی طرز عمل اختیار کیا ہو گا جس کی طرف بالا سطور میں اشارہ کیا گیا۔



غیر مقلد عالم جناب ابو الفوزان کفایت اللہ السنابلی صاحب اپنی دوسری تحریر میں زبیر علی زئی صاحب کے اندھے مقلدین کے بارے میں لکھتے ہیں: ""لیکن کیا معلوم کہ زبیر علی زئی صاحب کے حمایتی انہیں یزید سے بھی بہتر سمجھتے ہوں، بلکہ ان کے ایک حمایتی نے تو یہاں تک لکھ دیا: "میرے نزدیک حافظ زبیر علی رح کا مقام امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے کہیں بڑھ کر ہے۔ ۲۔ فیس بک پر ایک شخص کا تبصرہ عکس دیکھیں"""۔(زبیر علی زئی صاحب کی تہمت تراشیوں اور افتراء پردازیوں کا جواب، حدیث یزید محدثین کی نظر میں:ص ۵)



اوران کی وفات پر صدیاں گذر چکی ہیں پھر بھی ان کی طرف منسوب مظالم اور فسق وفجور کی داستانیں بیان کی جاتی ہیں جو ثابت بھی نہیں ہیں۔ تو پھر زبیر علی زئی صاحب کیا ان سے بہتر ہیں کہ ان کی وفات کے بعد ان کی کرم فرمائیوں کی نشاندہی نہیں کی جاسکتی؟

حافظ صلاح الدین ﷾ نے بالکل درست لکھا کہ:

"باقی یزید کے فسق وفجور کے افسانے، وہ افسانے ہی ہیں وہ ہم سے بہتر مسلمان تھا"①

لیکن کیا معلوم کہ زبیر علی زئی صاحب کے حمایتی انہیں یزید سے بھی بہتر سمجھتے ہوں، بلکہ ان کے ایک حمایتی نے تو یہاں تک لکھ دیا:

"میرے نزدیک حافظ زبیر علی رح کا مقام امیر معاویہ ﷜ سے کہیں بڑھ کر ہے"②


اناللہ وانا الیہ راجعون۔ واضح رہے کہ اگر زبیر علی زئی صاحب کی آخری تحریر کو ان کے مقالات کی جلد ۶ میں جگہ نہ دی جاتی تو ان کی وفات ہو جانے کے سبب یہ مفصل تحریر کیا اس سلسلے میں ہم کوئی مختصر جواب بھی شائع نہ کرتے گرچہ ہمیں اس کا حق تھا۔

موصوف کی تحریر کو ان حضرات نے اپنی سائٹ پر اپلوڈ کیا اور فیس بک وغیرہ کے ذریعہ پوری دنیا میں نشر کیا، اور جی بھر کر گالیوں اور اتہامات سے نوازا۔ لیکن پھر بھی ہم خاموش ہی رہے۔

لیکن افسوس کہ ہماری اس خاموشی کو غنیمت جان کر معاملہ رفع دفع کرنے کے بجائے غیظ وغضب اور سب وشتم میں ڈوبی ہوئی موصوف کی آخری تحریر "علمی مقالات" کی زینت بنادی گئی!

اس پر بھی ہم نے صرف یہ کیا کہ انتہائی اختصار کے ساتھ صرف دس صفحات پر اپنا دفاع پیش کردیا بس۔ لیکن اتنا بھی یاروں کو ہضم نہیں ہورہا ہے، نامعلوم کس مٹی کے بنے لوگ ہیں یہ کہ دوسروں کو جھوٹا کہیں، جاہل کہیں، گالیاں دیں، سب ان کے لئے جائز، اور کوئی محض اپنے دفاع میں چند سطریں لکھ دے تو وہ قطعاً اس کا مجاز نہیں!

① خط امام زبیر احمد صدیقی صاحب، عکس دیکھیں۔
② فیس بک پر ایک شخص کا تبصرہ، عکس دیکھیں۔



جناب کفایت اللہ السنابلی صاحب آگے لکھتے ہیں: "یہ تحریر (حدیث یزید محدثین کی نظر میں) ہمارے خلاف زبیر علی زئی صاحب کی لکھی گئی آخری تحریر (کفایت اللہ سنابلی ہندی کے دس جھوٹ) کا جواب ہے۔ زبیر علی زئی صاحب نے اپنی اس تحریر میں ناچیز کے لئے جو زبان استعمال کی ہے اس کے چند نمونے ملاحظہ ہوں:




زبیر علی زئی صاحب کے قلم کی شرافت اور زبان کی پاکیزگی کے چند نمونے

زبیر علی زئی صاحب نے پیش نظر تحریر میں ناچیز پر جو کرم فرمائیاں کی ہیں اس کی چند جھلکیاں ملاحظہ ہو:

- "سنابلی صاحب کی اس تحریر سے ان کے دس (۱۰) صریح جھوٹ باحوالہ مع رد پیش خدمت ہیں"①
- "اس حدیث کو سنابلی اینڈ پارٹی کا موضوع ومن گھڑت اور مردود کہنا بہت بڑا جھوٹ ہے"②
- "سنابلی صاحب کو چاہئے کہ وہ تمنا عمادی اور شبیر احمد میرٹھی وغیرہما کی پگڈنڈیوں کو چھوڑ کر محدثین کرام کی جرنیلی شاہراہ پر گامزن ہو جائیں اور منکرین حدیث کے لئے چور دروازے نہ کھولیں"③
- "سنابلی صاحب کو چاہئے کہ وہ اپنے باطل اصول کی لاج رکھتے ہوئے صحیح بخاری اور سنن ترمذی والی حدیث کو بھی موضوع اور من گھڑت قرار دیں، تاکہ تکمیل الجرمین واضح ہو جائے"④
- "جس طرح سنابلی صاحب نے حافظ ابن کثیر پر جھوٹ بولا تھا (دیکھئے فقرہ نمبر ۵) اسی طرح مولوی ابن خلدون پر بھی کالا جھوٹ بولا ہے"⑤
- "عرض ہے کہ جھوٹ نہ بولیں اور اہل علم پر بہتان وافتراء کا طومار نہ باندھیں"⑥
- "منکرین حدیث کے نقش قدم پر چلنے والے سنابلی صاحب کو آئینہ دکھایا جائے"⑦

یہ صرف چند نمونے ہیں ورنہ موصوف کی پوری تحریر اسی لب ولہجہ میں ڈوبی ہوئی ہے۔ اور حد ہوگئی کہ زبیر علی زئی صاحب نے صرف ناچیز ہی پر بس نہیں کیا بلکہ بعض ان شخصیات پر بھی جملے کس دئے ہیں جن سے ہم نے اپنی تائید میں کچھ نقل کیا یا جنہیں خود موصوف نے ہمارا مؤید ظاہر کیا مثلاً:

① مقالات (۶/۳۸۸)
② مقالات (۶/۴۰۳)۔ مجھ غریب وفرید کے ساتھ "اینڈ پارٹی" کا لاحقہ کیوں لگا دیا یہ ہماری سمجھ سے باہر ہے۔
③ مقالات (۶/۳۹۳) ④ مقالات (۶/۴۰۳)
⑤ مقالات (۶/۴۰۷) ⑥ مقالات (۶/۴۰۲)
⑦ مقالات (۶/۴۰۹)



یہ صرف چند نمونے ہیں ورنہ موصوف کی پوری تحریر اسی لب ولہجے میں ڈوبی ہوئی ہے۔ اور حد ہو گئی کہ زبیر علی زئی صاحب نے صرف ناچیز ہی پر بس نہیں کیا بلکہ بعض ان شخصیات پر بھی جملے کس دیئے ہیں جن سے ہم نے اپنی تائید میں کچھ نقل کیا مثلاً: امام ابن الصلاح، امام سیوطی، امام محمد بن طاھر المقدسی، مورخ ابن طولون رحمھم اللہ تعالیٰ"۔ (تفصیل کے لئے اصل کتاب زبیر علی زئی صاحب کی تہمت تراشیوں اور افتراء پردازیوں کا جواب، حدیث یزید محدثین کی نظر میں کا اسکین صفحہ نمبر ۶ اور ۷ ملاحضہ فرمائیں)



حدیث یزید، محدثین کی نظر میں — 7

عظیم محدث امام ابن صلاح رحمہ اللہ سے متعلق لکھتے ہیں:

''سنابلی صاحب کا یہ کہنا کہ زبیر علی زئی سے پہلے کسی نے اس حدیث کو حسن یا صحیح نہیں کہا تو اس کا جواب یہ ہے کہ کیا وہ ابن الصلاح (تقلیدی) کے تبع پر ہیں''①

بریکٹ کے الفاظ زبیر علی زئی صاحب ہی کے طرف سے ہیں۔ **واضح رہے کہ نہ یہ ہمارا منہج ہے** اور نہ ہی امام ابن الصلاح رحمہ اللہ کی طرف ایسے منہج کی نسبت درست ہے جیسا کہ متعدد اہل علم اس کی وضاحت کر چکے ہیں۔ اور لطف کی بات یہ ہے کہ یہاں پر زبیر علی زئی صاحب نے امام ابن الصلاح رحمہ اللہ کو تقلیدی کہا ہے جبکہ بعض مقامات پر خود موصوف نے امام ابن الصلاح رحمہ اللہ کی اندھی تقلید کی ہے جیسا کہ ہم نے زیادت ثقہ والے مضمون میں وضاحت کر دی ہے۔②

امام سیوطی رحمہ اللہ کو ہم نے ''امام'' لکھا تو زبیر علی زئی صاحب نے کہا:

''نیز حاطب اللیل کو امام قرار دینا بھی عجوبہ ہے''③


مزے کی بات یہ ہے کہ خود زبیر علی زئی صاحب نے بھی اپنی تحریروں میں امام سیوطی رحمہ اللہ کو ''امام'' لکھا ہے، جیسا کہ آگے اسکین کے ساتھ حوالہ آ رہا ہے۔④

حیرت ہے کہ جب دیوبندی حضرات اس طرح کا طرز عمل اختیار کرتے ہیں تو زبیر علی زئی صاحب انہیں اللہ کا خوف دلاتے ہوئے لکھتے ہیں:

''جب مرضی کا معاملہ ہو مثلاً فاتحہ خلف الامام کا مسئلہ وغیرہ تو دیوبندی حضرات حافظ ابن تیمیہ کو شیخ الاسلام، امام اور علامہ وغیرہ لکھتے ہیں اور اگر مرضی کے خلاف بات ہو تو شیخ الاسلام پر تنقید، تنقیص اور توہین آمیز جملے بے دریغ استعمال کرتے ہیں۔ کیا انہیں اللہ کا خوف نہیں ہے؟''⑤

اب دیکھئے! یہ وہی بات ہوگئی کہ ''دوسروں کو نصیحت خود میاں فضیحت''۔ دیوبندی حضرات نے

① مقالات (۶/ ۳۰۷)
② دیکھئے: یزید بن معاویہ پر الزامات کا تحقیقی جائزہ: (ص ۴۲۴ تا ۴۲۵)
③ مقالات (۶/ ۳۰۴)
④ دیکھئے حاشیہ نمبر ۸۵۹ نیز دیکھئے: (ص ۳۲۶-۳۲۷)
⑤ فتاوی علمیہ المعروف توضیح الاحکام (۱/ ۲۳۷)



زباں جل جائے گر میں نے کچھ کہا ہو

تمہاری تیغ کے چھینٹے تمہارا نام لیتے ہیں